© rasailojaraid.com



# افکار و تاثرات

- ★ مشرک بدھسٹوں کا مسجد حرام میں داخلہ
- ★ روشنیہ - بایزید اور الحق
- ★ حیات صوفیہ
- ★ اورنگزیب عالمگیر کے مدفن میں ایک علمی ادارہ
- ★ قارئین علمی تعاون فرمائیں

## مشرک بدھسٹوں کا مسجد حرام میں داخلہ

★ تھائی لینڈ میں اسلامی جریدہ ماہنامہ المجاہد نے ستمبر اکتوبر ۱۹۸۲ء میں صفحہ ۱۴ پہ لکھا ہے کہ بیت اللہ شریف میں سینکڑوں مشرکین داخل ہوگئے ہیں جو عموماً تھائی لینڈ کے بدھ مذہب سے تعلق رکھنے والے باشندے ہیں۔ ایڈیٹر صاحب نے لکھا ہے کہ ہمیں ان جان پہچان والے مشرکین کو دیکھ کر حیران ہوا کہ یہ کیسے یہاں آئے ہیں۔ مگر انہوں نے مجھے اپنے پاسپورٹ دکھائے جن پہ عمرہ اور حج کا ویزا لگا ہوا تھا۔ میں نے ان سے پوچھا کہ یہ ویزہ کیسے ملا۔ حالاں کہ آپ لوگ بدھ مذہب کے پیروکار ہیں۔ انہوں نے اعتراف کیا کہ ہم نے رشوت دے کر اپنے پاسپورٹ میں مذہب اسلام لکھا یا اور رشوت کے بل پہ تھائی لینڈ کے مفتی بسپرٹ محمد سے مسلمان ہونے کی گارنٹی لیٹر بھی حاصل کیا۔ اور پھر ان کے گارنٹی لیٹر سے سعودی عرب کے سفارت خانہ واقع بنکاک نے ہمیں ویزا جاری کیا۔

ہم الحق کی وساطت سے سعودی حکام سے عرض کرتے ہیں کہ حج وعمرہ کا ویزا جاری کرتے وقت مذہب سے متعلق خصوصی تحقیق کرکے ویزا لگائیں۔ اور تھائی لینڈ میں مفتی محمد سے محاسبہ کریں کہ ایسا غلط اقدام کیوں کیا ہے۔ اور حکومت تھائی لینڈ سے بھی پرزور احتجاج کریں۔

ایڈیٹر صاحب نے مزید لکھا ہے کہ حجاز مقدس میں غیر مسلم مصنوعی شراب پیتے دیکھے گئے ہیں جو وہ خود بناتے ہیں

(وقائع نگار خصوصی الحق مقیم تھائی لینڈ)

★ **تحریک روشنیہ بایزید اور الحق** | بایزید انصاری صوبہ سرحد کے متنازع فیہ شخصیت ہیں۔ ایک گروہ آپ کو پیر روشن ضمیر ملہم من اللہ اور کٹر موحد تصور کرتا ہے تو دوسرا فریق آپ کی باطنیت بدعقیدگی اور الحاد کا قائل ہے۔ اس اختلاف کی بنا پر عوام میں آپ پیر روشن اور پیر تاریک دونوں القاب سے ملقب ہیں۔

الحق میں آپ کے متعلق مضامین کی اشاعت سے کسی فریق کی دلجوئی یا دل شکنی مقصود نہیں۔ لیکن الحق میں مشاہیر سرحد کے متعلق مضامین مقالات اور تحقیقات کا سلسلہ کافی عرصہ سے جاری ہے۔ چونکہ بایزید انصاری کے ساتھ بھی صوبہ سرحد کا ایک دور اور ایک تحریک وابستہ ہے۔ جس کو تاریخ میں تحریک روشنائی کے نام سے یاد کیا جاتا ہے۔ اس تحریک نے اس علاقے پر دوررس سیاسی، اعتقادی اور ثقافتی اثرات چھوڑے ہیں تو موصوف کا تذکرہ



© rasailojaraid.com